ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | پیر 23 نومبر 2026ء 11 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 74
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.shenarnama.com

تیاریاں مکمل مریم نواز کا تاریخی استقبال ہوگا، حنیف عباسی

مسلم لیگ ن نے کبھی اپنے کارکنوں کو تنہا نہیں چھوڑا اور نہ ہی کارکنوں نے اپنے قائدین سے بے وفائی کی ہے، وزیر ریلوے

نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز نے راولپنڈی کو تعلیمی ادارے، ہسپتال، میٹرو بس اور صفائی کا بہتر نظام دیا ہے، سوشل میڈیا یوتھ کنونشن سے خطاب



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ مریم نواز کے استقبال کی تیاریاں مکمل ہیں، 24 نومبر کو تاریخی استقبال کریں گے۔ راولپنڈی میں مسلم لیگ ن سوشل میڈیا یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن نے کبھی اپنے کارکنوں کو تنہا نہیں چھوڑا اور نہ ہی کارکنوں نے اپنے قائدین سے بے وفائی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 24 نومبر کو دن ایک بجے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا راولپنڈی میں تاریخی استقبال کیا جائے گا، جس میں نوجوان مرکزی کردار ادا کریں گے۔ وزیر ریلوے کا کہنا تھا کہ آج نوجوانوں نے اپنے جوش وجذبے سے سب کو حیران کر دیا ہے، کنونشن کے لیے یوتھ کو کوئی فنڈنگ نہیں کی گئی، اس کے باوجود بڑی تعداد میں نوجوانوں اور تاجروں کی شرکت قابل تحسین ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز نے راولپنڈی کو تعلیمی ادارے، ہسپتال، میٹرو بس اور صفائی کا بہتر نظام دیا ہے، وزیراعلیٰ پنجاب نے ریلوے کے منصوبوں کے لیے 15 سے 16 ارب روپے فراہم کیے، جو ریلوے کی 70 سالہ تاریخ میں پنجاب حکومت کی بڑی سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ راولپنڈی میں 400 بستروں پر مشتمل ہسپتال جون 2027 تک مکمل کیا جائے گا جبکہ پی ایم آئی راولپنڈی میں 12 سے 14 کڈنی اور لیور ٹرانسپلانٹ مفت کیے گئے ہیں۔ وزیر ریلوے کا کہنا تھا کہ راجہ بازار اور کمرشل مارکیٹ میں پارکنگ پلازے بنانے کی تجاویز بھی پیش کی جائیں گی، مریم نواز کے استقبال کے لیے شہر بھر میں نوجوان اور کارکن مختلف مقامات پر موجود ہوں گے، راستوں پر پھولوں کی بارش کی

مولانا کو تھرپریٹ ہے تو لازمی سیکورٹی فراہم کی جائے گورنر فیصل کنڈی

دہشتگردی کے خلاف جنگ ہماری جنگ ہے اور آخری دہشتگرد کے خاتمے تک یہ جنگ جاری رکھیں گے

اگر پاکستان تحریک انصاف دہشتگردی کے خلاف سنجیدہ ہوتی تو آج صوبے کی صورتحال مختلف ہوتی، میڈیا سے گفتگو

چارسدہ (نمائندہ شہر نامہ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ ہماری جنگ ہے اور آخری دہشتگرد کے خاتمے تک یہ جنگ جاری رکھیں گے۔ صوبائی حکومت دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ ہے اور سیکورٹی فورسز، پولیس اور ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاکستان اور عمانی کمپنی میں پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کا معاہدہ

معاہدے پر دستخط، عمان کی کمپنی پی ایس او کو خریداری کے لیے 200 ملین ڈالر کی کریڈٹ سہولت بھی دے گی

پاکستان کو ایل پی جی کی فراہمی ایک لاکھ 20 ہزار میٹرک ٹن سے تجاوز کرنے کی توقع، دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے پر بھی اتفاق

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور عمان کے درمیان توانائی کے شعبے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ پی ایس او اور عمانی کمپنی او کیو ٹریڈنگ کے درمیان پیٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کا معاہدہ طے پا گیا۔ مسقط میں وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی عمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد، پی ایس او اور بحرینی کمپنی میں پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کے معاہدہ پر وزیر توانائی علی پرویز ترین و دیگر شریک ہیں

پاکستان کے قرض میں 6200 ارب کا اضافہ

جون 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضے 8.84 ٹریلین روپے تھے ایک سال کے عرصے میں حکومت کے قرضوں میں مجموعی طور پر 2.6 ٹریلین روپے کا اضافہ ہوا

سرکاری قرضوں میں نمایاں اضافے کے باوجود مجموعی قرضوں کا ملکی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) سے تناسب کم ہو کر 72 فیصد رہ گیا ہے، ذرائع

اسلام آباد: (ویب ڈیسک) پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضوں میں ایک سال کے دوران 6 ہزار 200 ارب روپے کا بھاری اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق جون 2026 کے اختتام پر ملکی قرضوں کا حجم 98.90 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا ہے اور وزارت خزانہ کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق جون 2025 کے اختتام پر پاکستان کے مجموعی سرکاری قرضے 8.84 ٹریلین روپے تھے۔ رپورٹ کے مطابق اگلے 12 ماہ کے دوران ان قرضوں میں نمایاں اضافہ ہوا اور یہ رقم بڑھ کر 98.90 ٹریلین روپے ہوگئی۔ اس طرح ایک سال کے عرصے میں حکومت کے قرضوں میں مجموعی طور پر 2.6 ٹریلین روپے، یعنی 6 ہزار 200 ارب روپے کا اضافہ سامنے آیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے مالی سال 2027 سے 2029 کے لئے مرتب کردہ قرضوں کی پائیداری کے تجزیے میں بھی ان اعداد و شمار کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق جون 2026 کے اختتام تک حکومت کے مجموعی قرضوں اور حکومت کی جانب سے ضمانت فراہم کردہ قرضوں کی مالیت 98.90 ٹریلین روپے ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس سے گزشتہ سال یہی حجم 8.84 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

امریکہ ایران مذاکرات، پاکستان فعال کردار ادا کر رہا ہے، بلاول بھٹو

جدید اسلحہ دہشتگردوں کے ہاتھ لگا، افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی موجودگی پاکستان کیلئے ایک بڑا سیکیورٹی چیلنج

پاکستان خطے میں امن کا حامی، پاکستان اور ترکیہ دفاعی تعلقات کے ساتھ اقتصادی تعاون بھی مزید بڑھانا چاہتے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کا فعال سفارتی کردار جاری ہے، پاکستان خطے میں امن اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات کا حامی ہے۔ ترک میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ ایران جنگ کے معاشی اثرات پوری دنیا کو برداشت کرنا پڑ رہے ہیں، امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

بلوچستان کے عوام کو بااختیار بنانا ہر سائل پر حق تسلیم کیا جائے، حافظ نعیم الرحمن

حکومت پاک ایران گیس پائپ لائن مکمل کرے، چمن تجارتی راہداری کھولی جائے، امیر جماعت اسلامی

مینار پاکستان جلسہ میں پورا پنجاب اہل بلوچستان سے اظہار یکجہتی کرے گا، کوئٹہ جلسہ سے خطاب



کوئٹہ (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ حکمران بلوچستان کے عوام کو بااختیار بلدیاتی نظام، روزگار، تعلیم دیں اور وسائل پر ان کے حق کو تسلیم کریں تو لوگ پہاڑوں سے واپس آجائیں گے۔ صوبہ کے نوجوان حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی سے مل کر پرامن جمہوری و سیاسی مزاحمت کا راستہ اختیار کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صادق شہید گراؤنڈ میں "حق دو بلوچستان" کے عنوان سے جلسہ عام سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم شہید گراؤنڈ میں جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

ایک وزیر تبصرے کر رہا ہے جواب دیا تو منہ چھپا نہیں سکے گا، محسن نقوی

جن بزنس مینوں پر تنقید کی جا رہی ہے وہ پاکستان کے عزت دار شہری ہیں مختلف چیمبرز کے صدور اور عہدیدار تھے

ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں، وفاقی وزیر داخلہ کی لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایک وزیر آج کل روز ٹی وی پر آنے کے لیے میرے اوپر تبصرے کر رہا ہے، جس دن میں نے اس وزیر کے خلاف تبصرہ کر دیا وہ منہ چھپانے کے قابل نہیں رہے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈھائی سال سے اس وزیر کے تبصرے صبر سے سن رہا ہوں۔ انہوں نے کہا جن بزنس مینوں پر تنقید کی جا رہی ہے وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

پختونخوا کیلئے ترقیاتی پیکیج میں سے 10 ارب جاری

12 مخصوص اضلاع میں 430 ترقیاتی منصوبوں پر کام ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے خیبر پختونخوا کے لیے اعلان کردہ 160 ارب روپے کے ترقیاتی پیکج پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ابتدائی طور پر 10 ارب روپے صوبائی حکومت کو جاری کر دیے گئے ہیں۔ دستاویزات کے مطابق ترقیاتی پیکج کے تحت خیبر پختونخوا کے 12 مخصوص اضلاع کے لیے 96 ارب 97 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں، جبکہ صوبے کے دیگر 25 اضلاع کے لیے 63 ارب 20 کروڑ 60 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ایف بی آئی کا اہم ڈیٹا بیس ہیک، حساس معلومات خطرے میں

اداروں کے حساس ڈیٹا کی سیکیورٹی کے حوالے سے تشویش پیدا ہوگئی

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) امریکی وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف بی آئی) کے اہم ڈیٹا بیس نیشنل کرائم انفارمیشن سینٹر (NCIC) کو ہیک کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، جس کے بعد امریکہ بھر کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حساس ڈیٹا کی سیکیورٹی کے حوالے سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ نیشنل کرائم انفارمیشن سینٹر امریکہ کا ایک اہم ڈیٹا بیس ہے، جسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

KPK کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب جاری ہونا خوش آئند، شمیم ہارون

پشاور (صباح نیوز) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ شمیم ہارون بلور نے کہا ہے کہ صوبے کے ترقیاتی پیکیج کے 10 ارب روپے جاری ہونا خوش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان مثالی تعلقات ہیں، اعظم نذیر تارڑ

خواتین کی تعلیم معاشی خودمختاری اور ڈیجیٹل تحفظ کیلئے ٹھوس عملی اقدامات کو آگے بڑھا رہا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان جولائی 2026 میں نویں او آئی سی وزرائے خواتین کانفرنس کی میزبانی اور آئندہ دو سال کے لیے اس کی صدارت سنبھالنے کے بعد اب "اسلام آباد اعلامیہ" کی روشنی میں رکن ممالک کے ساتھ مل کر خواتین کی تعلیم، معاشی خودمختاری اور ڈیجیٹل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



لاہور واگہ بارڈر پر بابا گرونانک کے برسی کی تقریب میں شرکت کیلئے آئے والے سکھ یاتری رجسٹریشن کروا رہے

12 مئی دوبارہ نہیں ہونے دینگے، میئر کراچی

چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ساحہ 12 مئی نہیں ہونے دیں گے، بات چیت ہی مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی ڈائیلاگ ہمیشہ ہوتے رہنا چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ کوئی سڑک بند نہ ہو، کوئی سیاسی جماعت اگر کوئی بات کرنا چاہے تو کرے، افہام و تفہیم کے ساتھ معاملہ آگے بڑھے۔ علی خورشیدی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ایران سے مستقل جوہری معاہدہ چاہتا ہوں، ٹرمپ

امریکی نائب صدر اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کی تعریف، دونوں انتہائی مقبول ہیں

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ ایک ایسا معاہدہ کرنے جا رہے ہیں جو مستقل ہوگا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے۔ غیر ملکی میڈیا چینل 'فاکس نیوز' کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انہیں کبھی بھی ایران میں حکومت کی تبدیلی میں زیادہ دلچسپی نہیں رہی۔ بعض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

بنوں، امن جرگے پر کواڈ کاپٹر حملے، 10 افراد زخمی

تین کواڈ کاپٹر حملے ہوئے، فائرنگ بھی شروع ہوگئی، کئی افراد زخمی ہوئے

بنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) بنوں میں امن جرگے پر کواڈ کاپٹر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں دس افراد زخمی ہوگئے۔ جنوبی شمع بنوں میں قیام امن کے حوالے سے جاری جرگے پر کواڈ کاپٹر سے حملہ کیا گیا، حملے کے نتیجے میں دس افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ ضلع بنوں کے تھانہ ہویدی کی حدود میں واقع گلبدین لینڈ اڈاک میں پیش آیا، علاقے کی امن کمیٹی کے اراکین اور عمائدین امن و امان کی صورتحال پر جرگہ کر رہے تھے۔ پولیس نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

وانا بازار میں فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل شہید

نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کی اور فرار ہوگئے، پولیس

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) جنوبی وزیرستان کے وانا بازار میں فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کی اور فرار ہوگئے، پولیس اہلکار موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ شہید پولیس کانسٹیبل کی شناخت سلام دوتانی کے نام سے ہوئی ہے۔

میر علی میں آپریشن، اسلحہ، بارود کی مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد

حیدر خیل میں مکان کی کھدائی کے دوران بھاری اسلحہ برآمد، لیبارٹری پکڑی گئی تھی

شمالی وزیرستان (نیوز ایجنسیاں) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز کا سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کامیابی سے جاری ہے، حیدر خیل میں دہشتگردوں کے اسلحے، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد کا بڑا ذخیرہ برآمد کر لیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشتگردوں نے حیدر خیل میں ایک رہائشی مکان کے اندر بھاری اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد چھپا رکھا تھا۔ مکان کی کھدائی کے دوران انٹی ایئر کرافٹ گن، ہیوی مشین گن اور آر پی جی سیون سمیت بھاری ہتھیار برآمد ہوئے۔

مریم نواز شریف کل راولپنڈی کا تفصیلی دورہ کریں گی

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف (کل) 24 نومبر منگل کو راولپنڈی کا تفصیلی دورے کریں گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب نور خاں ایئر بیس سے اپنے وفد کے ہمراہ مہر علی شاہ زرعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

دالبندین، دہشتگردوں کی بس پر فائرنگ، 4 افراد زخمی

دہشت گردوں نے کوئٹہ جانے والے ٹرک کو روک کر آگ بھی لگا دی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع دالبندین میں فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں نے تفتان سے کوئٹہ جانے والی مسافر بس پر بھی اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 4 مسافر زخمی ہو گئے۔ فتنۃ الہندوستان کے دہشت گرد حواس باختہ ہو کر معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے لگے۔ زخمیوں میں عبید اللہ سکنہ نوشکی عمر 63 سال، وحید سکنہ کوئٹہ عمر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



استنبول، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے ترکیہ کے وزیر قانون ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ میں کارروائیاں، 15 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و بارود برآمد

صدر، وزیراعظم کا فورسز کو خراج تحسین

مستونگ میں 2 مختلف بڑی کارروائیاں کی گئیں، جن میں مجموعی طور پر 15 دہشتگرد ہلاک ہوئے، متعدد ٹھکانے تباہ

دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور عزم قابل تحسین ہیں، آصف زرداری، شہباز شریف

کوئٹہ، اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن ''ردالفتنہ -3'' کے تحت کارروائیوں کے دوران 15 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن 'ردالفتنہ -3' کے تحت سیکیورٹی فورسز کی بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلع مستونگ میں 2 مختلف بڑی کارروائیاں کی گئیں، جن میں مجموعی طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)



پلندری، انتشاری جتھے کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اہلکار کا جسد خاکی جنازہ گاہ کی طرف لے جا رہی ہے

کراچی، 1 کروڑ ہیڈ منی والا انتہائی مطلوب دہشتگرد گرفتار

ملزم کو حیدرآباد میں بھٹائی نگر تھانے کی حدود سے گرفتار کیا گیا

کراچی (نیوز ایجنسیاں) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) حیدرآباد پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم سندھ ریولوشنری آرمی (ایس آر اے) کے انتہائی مطلوب مفرور دہشتگرد شعیب خشک کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی گرفتاری پر حکومت سندھ کے محکمہ داخلہ کی جانب سے ایک کروڑ روپے ہیڈ منی مقرر تھی۔ ترجمان سی ٹی ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کی حسین نقی کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (پ ر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے سینئر صحافی حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر کو روس جائینگے

پیوٹن سے ملاقات متوقع، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، دفاع پر بات چیت ہوگی

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم شہباز شریف 30 نومبر سے روس کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے، جہاں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے اہم ملاقات متوقع ہے۔ وزیراعظم روسی صدر کی دعوت پر ماسکو روانہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ روس کے دوران پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ، تجارت، سرمایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، رانا ثناء اللہ

ریفرنڈم کے ذریعے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق عوامی مؤقف سامنے لایا جاسکتا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں پر ریفرنڈم ہی واحد حل ہے، یہ معاملہ عوام کے حوالے کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

فتنۃ الہندوستان کے دہشتگرد حواس باختہ معصوم شہریوں پر حملے کرنے لگے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فتنۃ الہندوستان کے دہشتگردوں نے حواس باختہ ہو کر معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے لگے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 22 نومبر کو فتنۃ الہندوستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

بھارت ملک میں فسادات بھڑکا رہا ہے: بنگلہ دیش

ڈھاکہ (کے ایم ایس) بنگلہ دیش نے بھارت پر ملک میں فسادات بھڑکانے کا الزام عائد کرتے ہوئے شرپسندوں کو بھارتی پرا کسی قرار دیا ہے۔ مودی حکومت کی ناکام سفارت کاری اور بیرون ملک مداخلت کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)



وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان این ایچ اے پشاور میں پودا لگانے کے بعد دعا کر رہے ہیں

مریم نواز کا ترقیاتی وژن!

راولپنڈی رنگ روڈ خوشحال پنجاب کی جانب ایک تاریخی قدم

عوام کا معیار زندگی بہتر بنانا، معاشی سرگرمیوں کا فروغ اولین ترجیح ہے

پنجاب کی تعمیر و ترقی، عوامی خوشحالی اور جدید شہری سہولیات کی فراہمی وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کی قیادت میں صوبے بھر میں ترقیاتی منصوبوں کا ایک ایسا سلسلہ جاری ہے جس کا مقصد صرف سڑکیں، پل اور عمارتیں تعمیر کرنا نہیں بلکہ عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک ترقی یافتہ پنجاب کی بنیاد رکھنا ہے۔ بطور ممبر پنجاب اسمبلی مجھے وزیراعلیٰ پنجاب کے ترقیاتی وژن، عوامی مسائل سے ان کی دلچسپی اور منصوبوں کی تکمیل کے لیے ان کی مسلسل کوششوں کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا ہے۔ میں پورے اعتماد سے کہہ سکتی ہوں کہ مریم نواز شریف نے پنجاب کی سیاست میں ترقی، عوامی خدمت اور عملی اقدامات کو ایک نئی پہچان دی ہے۔ راولپنڈی رنگ روڈ اسی ترقیاتی وژن کی ایک نمایاں مثال ہے، جو مستقبل میں راولپنڈی اور اس کے گردونواح کی معاشی، صنعتی اور تجارتی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرے گی۔ تقریباً 3.38 کلومیٹر طویل یہ منصوبہ بانٹھ سے ٹھلیاں تک ایک اہم متبادل شاہراہ فراہم کرتا ہے، جس کے ذریعے جی ٹی روڈ اور موٹروے کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنایا جا سکے گا۔ یہ منصوبہ محض ایک سڑک کی تعمیر نہیں بلکہ راولپنڈی کے مستقبل کی معاشی سمت متعین کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ راولپنڈی ایک تاریخی، تجارتی اور دفاعی اہمیت کا حامل شہر ہے، مگر آبادی میں اضافے، گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اور تجارتی سرگرمیوں کے باعث شہر کو شدید ٹریفک مسائل کا سامنا ہے۔ مری روڈ، صدر، مال روڈ، پیر ودھائی، راجہ بازار اور دیگر اہم شاہراہوں پر ٹریفک کا دباؤ شہریوں کے لیے روزمرہ مشکلات پیدا کرتا ہے۔ رنگ روڈ کی تکمیل اور باقاعدہ فعالیت سے بھاری ٹرانسپورٹ اور بین الاضلاعی گاڑیوں کو شہر کے اندر داخل ہوئے بغیر اپنی منزل تک پہنچنے کا متبادل راستہ میسر آئے گا۔ اس سے نہ صرف ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی بلکہ شہریوں کے قیمتی وقت، ایندھن اور سفری اخراجات کی بچت بھی ممکن ہوگی۔ اس منصوبے کا ایک انتہائی اہم پہلو اس کے اردگرد صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کا فروغ ہے۔ میری نظر میں رنگ روڈ کی اصل اہمیت اس وقت مزید بڑھ جائے گی جب اس کے ساتھ جدید صنعتی زونز، گودام، ڈرائی پورٹ، لاجسٹکس مراکز، تجارتی مارکیٹس اور دیگر کاروباری سہولیات کو عملی شکل دی جائے گی۔ اس سے مقامی اور بیرونی سرمایہ کار راولپنڈی کی جانب متوجہ ہوں گے، نئی صنعتیں قائم ہوں گی اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے وسیع مواقع پیدا ہوں گے۔ چھوٹے کاروباری افراد، تاجروں، ٹرانسپورٹرز، ہنرمندوں اور محنت کش طبقے کو بھی اس معاشی سرگرمی سے فائدہ پہنچے گا۔ راولپنڈی کے مضافاتی علاقوں بانٹھ، روات، اڈیالہ، چکری، ٹھلیاں اور ملحقہ آبادیوں کے لیے بھی یہ منصوبہ ترقی کے نئے امکانات لے کر آئے گا۔ بہتر سڑکوں اور رابطوں سے ان علاقوں میں رہائشی، تجارتی اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ کسانوں کو اپنی زرعی اجناس منڈیوں تک پہنچانے میں آسانی ہوگی، تاجروں کے لیے مال برداری کا نظام بہتر ہوگا اور مقامی آبادی کو اپنے علاقوں میں کاروبار اور روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گے۔ رنگ روڈ کی یہی وہ جامع ترقی ہے جس کی آج راولپنڈی اور پورے پوٹھوہار کو ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ترقیاتی وژن صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں بلکہ دیہی علاقوں کو بھی جدید سہولیات سے منسلک کرنا اس کا اہم حصہ ہے۔ بطور عوامی نمائندہ میں سمجھتی ہوں کہ کسی بھی حکومت کی کامیابی کا اصل معیار یہ ہے کہ اس کے منصوبوں کے ثمرات عام شہری تک پہنچیں۔ راولپنڈی میں گرین الیکٹرک بس سروس، سڑکوں کی تعمیر و بحالی، کچہری چوک کی ری ماڈلنگ، نواز شریف فلائی اوور، جی پی او چوک انڈر پاس اور سرکاری ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن جیسے اقدامات اسی سوچ کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان منصوبوں سے عوام کو سفری سہولیات، بہتر ٹریفک نظام اور علاج معالجے کی جدید سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مجھے بطور ممبر پنجاب اسمبلی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ساتھ کام کرتے ہوئے یہ احساس ہوا ہے کہ وہ ترقیاتی معاملات میں صرف اعلانات پر اکتفا نہیں کرتیں بلکہ منصوبوں کی پیش رفت، انتظامی رکاوٹوں اور عوامی نتائج پر بھی خصوصی توجہ دیتی ہیں۔ ان کی حکومت کا یہ طرزِ عمل عوامی نمائندوں کے لیے بھی حوصلہ افزا ہے کہ وہ اپنے حلقوں کے مسائل کو تجریدی بنیادوں پر سامنے لائیں اور ان کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ میری خواہش اور کوشش ہے کہ راولپنڈی کے شہری اور دیہی علاقوں کو بھی ترقی کے اس سفر میں برابر کا حصہ بنایا جائے، تاکہ کوئی علاقہ بنیادی سہولیات سے محروم نہ رہے۔ راولپنڈی رنگ روڈ کی کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ اس کے ساتھ منصوبہ بند صنعتی زونز، جدید ٹرانسپورٹ ٹرمینلز، کاروباری مراکز، بنیادی شہری سہولیات، ماحول دوست شجرکاری اور موثر ٹریفک مینجمنٹ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ ترقی کا حقیقی تصور یہی ہے کہ انفرا اسٹرکچر کے ساتھ عوام کے لیے روزگار، کاروبار، صحت اور تعلیم کے مواقع بھی پیدا ہوں۔ میں وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں کہ انہوں نے راولپنڈی کی ترقی اور عوامی سہولیات کی بہتری کو اپنی ترجیحات میں نمایاں مقام دیا ہے۔ ان کی قیادت میں جاری ترقیاتی اقدامات راولپنڈی کو ایک جدید، منظم اور معاشی طور پر مضبوط شہر بنانے کی بنیاد فراہم کر رہے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ راولپنڈی رنگ روڈ آنے والے وقت میں نہ صرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

تحسین فواد ممبر پنجاب اسمبلی
WRITER

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

جوہری ہتھیاروں سے پاک دنیا!

امریکہ، چین اور روس کے صدور ڈونلڈ ٹرمپ، شی جن پنگ اور ولادیمیر پیوٹن نے جوہری جنگ روکنے، جوہری ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی روک تھام، توانائی کے تحفظ اور عالمی اداروں میں اصلاحات کے لئے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔تینوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان پہلا غیر معمولی سہ فریقی سربراہی اجلاس ہوا۔مشترکہ اُمن اعلامیہ کے مطابق ایشیاء پیسفک اکنامک کوآپریشن (اپیک) سربراہی اجلاس کے موقع پر چین کے شہر شینزن میں واقع تاریخی کانلن ولا میں تینوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ہوئی جو کہ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہی۔ انہوں نے سٹریٹجک استحکام اور بین الاقوامی اُمن و سلامتی برقرار رکھنے کے مشترکہ عزم کا اظہار کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ جوہری جنگ نہ تو جیتی جاسکتی ہے اور نہ ہی یہ کبھی لڑی جانی چاہئے، جوہری ہتھیاروں کا پھیلاؤ روکنے کے لئے باہمی مذاکرات اور تعاون جاری رہنا چاہئے۔تینوں ممالک نے عالمی استحکام کے لئے توانائی کی مستحکم فراہمی کو اہم قرار دیتے ہوئے ریفائنڈ پیٹرولیم مصنوعات کی پیداوار اور رسد بڑھانے کے منصوبوں پر بھی اتفاق کیا۔ اِس کے علاوہ اقوام متحدہ کے نظام میں اصلاحات اور عالمی اداروں کو مزید مؤثر بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کا عزم بھی کیا گیا۔

واضح رہے کہ دی ہیگ میں قائم عالمی عدالتِ فوجداری نے یوکرین جنگ کے معاملے پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور پانچ دیگر روسی حکام کے وارنٹ گرفتاری جاری کر رکھے ہیں، جنہیں ماسکو مسترد کرتا ہے، جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی اِس عدالت کے اختیارات محدود کرنے سے متعلق بیانات دے چکے ہیں۔ اجلاس کے آغاز پر چینی صدر شی جن پنگ نے کہا کہ تینوں ممالک کو عالمی چیلنجوں سے نبٹنے کے لئے مل کر کام کرنا اور دنیا کے دیگر ممالک کے لئے مثال قائم کرنی چاہئے۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں پر واضح مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ان پر مکمل پابندی عائد کرکے انہیں ختم کیا جانا چاہئے تاکہ جوہری ہتھیاروں سے پاک دنیا قائم ہوسکے۔ انہوں نے تینوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں کو باقاعدہ بنانے اور بجٹوں سے نبٹنے کے لئے مشترکہ نظام قائم کرنے کی تجویز بھی دی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ یہ سہ فریقی اجلاس تاریخ رقم کر رہا ہے اور مذاکرات و رابطوں کے مواقع مسترد کر کے کبھی اُمن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں کی تعداد میں کمی اور اُن کے استعمال کے خطرات کو کم کرنے کے لئے مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا، تاہم تسلیم کیا کہ اِن ہتھیاروں سے دستبرداری آسان نہیں۔ ایران کا حوالہ دیتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اُسے جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اُن کا کہنا تھا کہ تینوں ممالک بڑی طاقتیں ہونے کے ناتے عالمی اُمن و سلامتی کے تحفظ کی خصوصی ذمہ داری رکھتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے عالمی فوجداری عدالت کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ اپنے دائرہ اختیار سے تجاوز کر چکا ہے۔ روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ تینوں ممالک تعمیری تعاون کریں تو عالمی استحکام کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ اُن کے بقول بین الاقوامی اُمن و سلامتی برقرار رکھنے میں تینوں ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور علاقائی تنازعات کے حل کے حوالے سے بھی اُن کے کئی مشترکہ مفادات ہیں، جن میں یوکرین کا تنازع شامل ہے۔ صدر پیوٹن نے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ملاقات کو سفارتکاری کی تاریخ کا اہم باب قرار دیا، تاہم دعویٰ کیا کہ یوکرین اور یورپی یونین اِس تنازع کے حل کے لئے سنجیدہ پیش رفت نہیں ہیں۔ اُنہوں نے جوہری ہتھیاروں کو انسانیت کے لیے سنگین خطرہ قرار دیتے ہوئے اُنہیں ختم کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ جوہری جنگ کبھی جیتی جاسکتی ہے نہ ہونی چاہیے۔ تینوں ممالک کو سرد جنگ کی ذہنیت ترک کر دینی چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تینوں ممالک کو شراکت دار اور دوست ہونا چاہیے جبکہ چین، روس اور امریکا کو تنازعات میں شامل فریقین کو مذاکرات کی میز پر بیٹھنے اور تنازعات کو سیاسی طور پر حل کرنے پر آمادہ کرنا چاہیے۔



اس موقع پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ امن کے مواقع ضائع کرکے کبھی امن حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ تینوں ممالک جوہری ہتھیاروں میں کمی پر مذاکرات کے لیے ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلی بار چین اور روس کے ساتھ مشترکہ مذاکرات کے ذریعے ایک نئی سمت طے کر رہے ہیں۔ اسی طرح روسی صدر پیوٹن نے کا کہنا تھا کہ روس، چین اور امریکا تعمیری تعاون کریں تو وہ عالمی استحکام کو مضبوط بنانے میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہمیں عالمی علاقائی تعلقات سمیت توانائی اور سکیورٹی پر بات کرنی چاہیے۔

قبل ازیں، صدر شی نے صدر ٹرمپ سے گفتگو میں کہا کہ تائیوان پر امریکا کے درست طرزِ عمل سے امریکا چین تعلقات میں دراڑ سے بچا جاسکتا ہے اور جو اختلافات ابھی دور نہیں ہو سکتے کشیدگی سے بچنے کے لیے ان اختلافات کو تعمیری انداز میں سنبھالنا چاہیے۔ امریکا اور چین کو یقینی بنانا ہوگا کہ مصنوعی ذہانت انسانی کنٹرول میں رہے۔ باہمی مفادات کے حصول اور مشترکہ خدشات دور کرنے کے لیے تجارتی اور معاشی رابطے مضبوط ہونے چاہئیں۔ چینی صدر سے ملاقات کے بعد صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ وہ اور صدر شی آئندہ ہر مرز سے قبل کی ترسیل چاہتے ہیں۔ امریکا اور چین جو کام کرسکتے ہیں وہ کوئی دوسرا نہیں کرسکتا۔

تینوں عالمی طاقتوں کے سربراہوں کی یہ غیر معمولی بیٹھک ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی جبکہ بعض اطلاعات میں اس کا دورانیہ تقریباً 90 منٹ بتایا گیا ہے۔ ملاقات میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول، ایران اور یوکرین کی جنگوں، عالمی امن اور توانائی کے تحفظ سمیت اہم بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تینوں عالمی رہنماؤں کی اس تاریخی ملاقات کے بعد تاحال کسی بڑے معاہدے یا ٹھوس پیش رفت کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔ مبصرین کے مطابق، تینوں ممالک کے مفادات اور ترجیحات میں اختلافات کے باعث جوہری ہتھیاروں، ایران اور یوکرین جیسے پیچیدہ معاملات پر فوری اتفاق رائے آسان نہیں ہوگا۔ اس کے باوجود امریکا، چین اور روس کے صدور کا ایک ہی میز پر بیٹھنا عالمی سفارت کاری میں اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔

ایک ایسے وقت میں جب یوکرین کی جنگ جاری ہے، مشرقِ وسطیٰ آگ اور دھوئیں میں لپٹا ہے اور عالمی معیشت توانائی کے بحران میں پھنسی ہوئی ہے، دنیا کی تین بڑی طاقتوں کا ایک میز پر بیٹھنا بجائے خود ایک اچھی خبر ہے۔ اس ملاقات میں تینوں رہنماؤں کے بیانات کا لب ولہجہ قابلِ توجہ تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانیت نے ہیروشیما اور ناگاساکی کے بعد آٹھ دہائیوں سے زیادہ عرصہ جوہری ہتھیاروں کے دوبارہ استعمال کے خوف میں گزارا ہے۔ سرد جنگ کے دوران کئی مواقع ایسے آئے جب دنیا کسی بڑی تباہی کا شکار ہوتے ہوتے بچی۔ آج بھی جوہری ہتھیاروں کا بڑا حصہ انھی تین ملکوں کے پاس ہے جن کے سربراہان شینزن میں اکٹھے ہوئے، اس لیے یہ بات غلط نہیں کہ یہ ممالک چاہیں تو جوہری ہتھیاروں کی دوڑ روک بھی سکتے ہیں اور اسے بھڑکا بھی سکتے ہیں۔ باقی دنیا اس فیصلے میں خاموش تماشائی کی حیثیت رکھتی ہے۔

جوہری ہتھیاروں پر قابو پانے کے وہ معاہدے جو بھی کشیدگی کے راستے میں رکاوٹ سمجھے جاتے تھے گزشتہ برسوں میں کمزور پڑتے گئے ہیں۔ باہمی بداعتمادی نے نگرانی اور شفافیت کے نظام کو کھوکھلا کر دیا ہے اور نئی ٹیکنالوجیز، جیسے ہائپرسانک میزائل، خلائی ہتھیار اور مصنوعی ذہانت سے چلنے والے کمانڈ سسٹم، پرانے اصولوں کو دیمک کی طرح چاٹ رہے ہیں۔ ایسے میں اگر تین عالمی طاقتیں خطرات کم کرنے کے لیے مستقل مکالمے پر آمادہ ہوں تو یہ معمولی پیش رفت نہیں۔ مشترکہ بیان کے متن کے مطابق تینوں رہنماؤں نے اس بات کی تو ثیق کی کہ جوہری خطرات میں کمی اور عدم پھیلاؤ پر مکالمہ کیا جائے گا۔

صدر شی جن پنگ نے جس سرد جنگ کی ذہنیت کو ترک کرنے کی بات کی وہ دراصل گروہوں اور بلاکوں میں بٹی ہوئی سوچ ہے جس میں ہر ملک کی ترقی کو دوسرے کا نقصان سمجھا جاتا ہے۔ تجارتی جنگیں، ٹیکنالوجی پر پابندیاں، تائیوان اور بحیرۂ جنوبی چین کے تنازعات اور پابندیوں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ اسی سوچ کے مظاہر ہیں۔

ان سب کو ایک ملاقات میں حل نہیں کیا جاسکتا لیکن اگر مسابقت کو مقابلے تک محدود رکھنے اور اسے تصادم میں بدلنے سے روکنے پر اتفاق ہو جائے تو یہی ایک بڑی کامیابی ہوگی۔ اس منظرنامے میں اقوام متحدہ کی اصلاحات کا ذکر بھی معنی خیز ہے۔ ایران پر امریکا اور ناجائز صیہونی ریاست کی طرف سے مسلط کی گئی جنگ کے دوران یہ راستہ بار بار بند ہوا اور اس کے اثرات پٹرول پمپوں، بجلی گھروں، کھاد کی فیکٹریوں اور ہر اس گھر تک پہنچے جہاں مہنگائی نے دسترخوان کو محدود کر دیا۔ پاکستان جیسے ممالک کے لیے یہ بحث محض خارجہ پالیسی کا موضوع نہیں کیونکہ ہماری توانائی کا بڑا حصہ خلیج سے آتا ہے اور لاکھوں پاکستانی روزگار کے سلسلے میں خلیجی ریاستوں میں ہیں اور ان کی ترسیلاتِ زر ہماری معیشت کے لیے بہت اہمیت کی حامل ہیں۔

عالمی طاقتوں کا اگھ!

گیم آن ہے!

خبر آئی ہے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف میں ملاقات ہوئی، جس میں وزیر داخلہ بھی موجود تھے، اس امر پر اتفاق رائے پایا گیا کہ مسائل کا حل مذاکرات سے نکالا جائے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے، اس کا مطلب کیا ہے؟ کن کے درمیان مذاکرات اور کن مسائل پر مذاکرات، بلاول بھٹو زرداری کی تقریر کے بعد جو مسائل پیدا ہوئے ہیں انہیں حل کرنے کے لئے مذاکرات یا ملک کی جو عمومی صورتحال ہے اس پر گفت وشنید، کیا اپوزیشن سے مذاکرات پر بھی اتفاق رائے پایا گیا ہے یا صرف صوبوں اور اٹھائیسویں ترمیم کے حوالے سے جو ہلچل مچی ہوئی ہے اور اُن پر مذاکرات کی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔ کیا مسئلہ آصف علی زرداری کو راضی کرنے کا ہے یا یہ طے ہوا ہے اٹھائیسویں ترمیم پر مجموعی حوالے سے جس میں اپوزیشن بھی شامل ہو، اتفاق رائے کے ساتھ فیصلے کئے جائیں۔ اگر اس وقت سیاسی منظر نامے کو دیکھیں تو صوبوں کے معاملے میں سب سے زیادہ مضطرب پیپلز پارٹی نظر آتی ہے۔ بلاول بھٹو نے کھلے لفظوں میں صوبے خاص طور پر سندھ سے کراچی کو علیحدہ کرنے کے معاملے پر سخت موقف اپنایا ہے۔ اب سوال تو پیدا ہوتا ہے کہ صوبے بنانے کی بات تو پورے ملک کے حوالے سے کی جا رہی ہے۔ صرف سندھ کو تو ٹارگٹ نہیں کیا جارہا، پھر ایک سیٹ اَپ میں بھی اہم اپوزیشن پر ہونے کے باوجود پیپلز پارٹی اتنا احتجاج کیوں کر رہی ہے۔ اپوزیشن کی تو فی الوقت یہ مانگ ہی نہیں، وہ تو چاہتی ہے ملک میں سیاسی آزادیاں واپس لائی جائیں، سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کا خاتمہ کر کے وہاں مینڈیٹ کے مطابق جمہوری حکومت بحال کی جائے۔ اگر ان باتوں پر توجہ دینے کی بجائے صرف صوبوں کے مسئلے پر دونوں بڑی جماعتیں جو درحقیقت اِس وقت ملک چلا رہی ہیں، ایک دوسرے سے اُلجھ جاتی ہیں یا تو اِس کا ملک کو موجودہ حالات میں کیا فائدہ ہوگا اور اس سے ملک میں استحکام آئے گا؟ ایک بات تو طے ہے کہ پیپلز پارٹی بھی سمجھتی ہے اور مسلم لیگ (ن) بھی، کہ عدم استحکام سے کیوں۔ بلاول بھٹو تو کھل کر کہہ بھی چکے ہیں کہ کل نہیں تو آج، آج نہیں تو کل سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا پڑے گا۔ عمران خان کو سیاسی قیدی ماننا پڑے گا۔ جب اتنی اہم بات تسلیم کر لی گئی ہے تو پھر اسے مذاکرات کا ایجنڈا کیوں نہیں بنایا جاتا؟ اگر پیپلز پارٹی کی منشاء یہی ہے کہ اٹھائیسویں ترمیم میں نئے صوبوں کی شق نہ رکھی جائے تو پھر یہ اُس کا ایک ذاتی ایشو تو ہوسکتا ہے اس کا ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور سیاسی بحران سے کوئی لینا دینا نہیں۔ یہ بات تو سنجیدہ حلقے دو برس سے کہہ رہے ہیں کہ ملکی مسائل کا حل مذاکرات سے نکالا جائے مگر کوئی سنتا ہی نہیں، سٹیک ہولڈرز کو میدان سے باہر رکھ کر کوئی مذاکرات کیسے کامیاب ہو سکتے ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی بہت مرتبہ اُن سے مل چکے ہیں۔ زرداری صاحب آج کل ہاتھ بھی کم کم ہی آتے ہیں۔ اسلام آباد سے باہر رہنا پسند کرتے ہیں، کبھی نواب شاہ، کبھی لاڑکانہ اور کبھی لاہور میں ڈیرے ڈالتے ہیں۔ سیاسی حلقے اُن کی اس بات کو بھی اسی تناظر میں دیکھتے ہیں کہ وہ صوبے بنانے کے حامی نہیں، خاص طور پر سندھ کی تقسیم کے تو وہ سراسر خلاف ہیں۔ اب سیاسی حلقے پوچھ رہے ہیں کیا صدر آصف علی زرداری اس دباؤ کو برداشت کر سکیں گے جو اس حوالے سے اُن پر آسکتا ہے؟ تو اس کا جواب اثبات میں دینا کچھ اتنا مشکل بھی نہیں مگر سیاسی حلقے سوال یہ بھی تو کرتے ہیں کہ جب گورنر راج لگانے کا وقت آیا۔ صدر زرداری نے خاموشی سے دستخط کر دیئے۔ پارٹی کے لاہور میں ہونے والے اجلاس میں بھی ارکان نے کہا اس فیصلے سے پیپلز پارٹی کے موقف اور ساکھ کو شدید نقصان پہنچا، جس پر انہیں جواب دیا گیا اب پیپلز پارٹی کے اندر کے ذرائع بتاتے ہیں کہ آصف علی زرداری بڑی گیم کھیلنا چاہتے ہیں، اگر اس معاملے پر نہیں مانی جاتی تو پھر وہ سندھ والوں کی نظر میں ہیرو بن جائیں گے، اُس کے بعد سندھ کی تقسیم بھی مشکل ہو جائے گی۔ معاملات کچھ بھی ہوں، صورت حال خاصی گمبھیر بھی ہے اور دلچسپ بھی۔ ایک بلاول کی تقریر ہی اگر اتنا بڑا اضطراب پیدا کر دیتی ہے تو پیپلز پارٹی کی طرف سے کوئی بڑا قدم تو خاصا انتشار لے کر آئے گا۔ یہ بات اپوزیشن کو بہت فائدہ دے سکتی ہے۔ اگر اپوزیشن خاص طور پر تحریک انصاف کے لئے کوئی گنجائش پیدا ہوتی ہے تو کیا اُس کی وجہ سے دونوں بڑی سیاسی جماعتیں مزاحمت چھوڑ دیں گی؟ یہ ایک اہم سوال ہے مگر دوسری طرف تحریک انصاف کے حوالے سے بھی یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ وہ صرف اپنی جگہ بنانے کے لئے ایسے موقع پر اپنا کندھا پیش کرنے کے لئے تیار ہوگی کیا اس سے بھی یہ تاثر نہیں جائے گا کہ کہیں نہ کہیں کوئی ڈیل ہوئی ہے۔ اس وقت ہر کوئی اپنے مقام پر جو کنا کھڑا ہے، ہر کوئی جانتا ہے کہ ذرا سی غلطی بھی اُسے بہت نقصان پہنچا سکتی ہے۔ پیپلز پارٹی کچھ زیادہ ہی چوکنی لگ رہی ہے کیونکہ اُس کی سیاست کا دارومدار سندھ پر ہے۔ سندھ سے اگر کراچی نکل جاتا ہے تو پھر سوائے بوجھ کے اور کچھ پیپلز پارٹی کے حصے میں نہیں آئے گا۔ اس لئے وہ اس بوجھ سے بچنا چاہتی ہے اور سارا جھگڑا ہی اس کا ہے۔



فرمودات قائد



پاکستان مسلمانوں کے اتحاد کا مظہر ہے اور اسے ایسا ہی رہنا چاہیے۔ سچے مسلمانوں کی حیثیت سے آپکا فرض ہے کہ دل و جان سے اسکی پاسبانی اور حفاظت کریں۔

(جلسہ عام ڈھاکہ 28 مارچ 1948ء)

کلام اقبال



جو کو کنار کے خُوگر تھے' ان غریبوں کو
تری نوا نے دیا ذوقِ جذبہ ہائے بلند
تڑپ رہے ہیں فضا ہائے نیلگوں کیلئے
وہ پر شکستہ کہ صحنِ سرا میں تھے خورسند
(ضربِ کلیم)

پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ!

قدرت نے اپنی تخلیق کے ہر پہلو میں انسانی تربیت کا کوئی نہ کوئی زاویہ رکھا ہے اور اسی لیے اسے بار بار کائنات پر غور وفکر کرنے کی دعوت اور ترغیب دلائی گئی ہے۔ ہمارے اردگرد کتنا کچھ ہے جو ہمیں خالق سے جوڑنے اور معاشرے میں مفید بننے کی طرف توجہ دلاتا ہے۔ میر تقی میر نے بھی شاید اسی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ "سرسری تم جہان سے گزرے، ورنہ ہر جا جہانِ دیگر تھا"۔

راستوں میں کھڑے ہوئے درختوں کی بھی الگ کائنات اور اپنا ایک نظام ہے جس میں جھانکنے کی ہم فرصت ہی نہیں نکال پاتے۔ درخت بولتے نہیں، خاموش رہتے ہیں، مگر دیتے بہت کچھ ہیں۔ دھوپ میں سایہ، گرمی میں ٹھنڈک، فضاؤں میں زندگی کے لیے ضروری گیسوں کے توازن میں حصہ، پرندوں کو آشیانہ، مسافروں کو پناہ اور تھکے ہوئے انسان کو چند لمحوں کا سکون۔ وہ زمین میں کھڑے رہ کر آسمان کی وسعتوں سے تعلق قائم رکھتے ہیں۔ ان کی جڑیں گہرائی میں اترتی ہیں اور شاخیں بلندی کی طرف سفر کرتی ہیں۔

ایک تناور درخت کو دیکھ کر بظاہر یہی محسوس ہوتا ہے کہ اس کی طاقت اس کے بلند قامت تنے اور پھیلی ہوئی شاخوں میں ہے، لیکن اس کی اصل قوت زمین کے اندر چھپی ہوئی جڑوں میں ہوتی ہے۔ جڑیں دکھائی نہیں دیتیں، مگر پورے درخت کو سنبھالے رکھتی ہیں۔ آندھی آئے، بارش ہو یا موسم کی سختی، درخت کی بقا میں اس کی جڑوں کا بنیادی کردار ہوتا ہے جو دکھائی نہیں دیتیں۔ انسانی زندگی بھی کچھ ایسی ہی ہے۔ ہمارے علم، عہدے، دولت اور شہرت کو لوگ دیکھتے ہیں، لیکن ہماری تربیت، ہماری اقدار، ہمارے بزرگوں کی دعائیں اور ہمارے کردار کی مضبوطی اکثر نگاہوں سے اوجھل رہتی ہے۔ اگر یہ بنیادیں کمزور ہو جائیں تو ظاہری کامیابی کے باوجود انسان اندر سے کھوکھلا ہو سکتا ہے۔ زمین پر دکھائی دیتے رہنا اور دوسروں کیلئے مفید ہونا دراصل اپنی مضبوط بنیادوں سے جڑے ہونے کی علامت ہے۔

درختوں کی ایک اور بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ اپنے سائے کے لیے کسی پر احسان نہیں جتاتے۔ راستے میں چلنے والے تھکے ہارے مسافر اس کے نیچے بیٹھ جاتے ہیں، راہ چلتے جانور اس کے سائے میں رکتے ہیں اور پرندے اس کی شاخوں پر اپنے گھونسلے بنا لیتے ہیں۔ اپنے قریب آنے والوں میں امیر غریب، اپنے پرائے، یا طاقت ور اور کمزور میں کوئی امتیاز نہیں رکھتے اور اپنی فطرت کے مطابق اس کے پاس جو کچھ ہوتا ہے اس سے فیض یاب کرتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ان کے ذریعے فطرت انسان کو ایک بڑا اخلاقی سبق دیتی ہے۔ ہم میں سے ہر شخص کسی نہ کسی درجے میں دوسرے انسانوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کسی کے پاس دولت ہے، کسی کے پاس علم، کسی کے پاس اختیار اور کسی کے پاس تجربہ، لیکن ہمارے پاس آنے والوں کے لیے سوال ہی سوال ہیں۔ دوسروں کے لیے آسانیاں نہیں مشکلات ہیں، نعمتیں تقسیم کرنیکی بجائے ہم اسے دوسروں پر اپنی برتری ثابت کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ وہ خوبی جو ہماری اپنی نہیں بلکہ قدرت کی عطا کردہ ہے ہم اس کے مالک بن کر دوسروں تک اس کی رسائی روک لیتے ہیں۔ درخت پیغام دیتے ہیں کہ بڑا در اصل وہی ہے جس کے وجود سے دوسروں کو سہارا ملے۔ علم، مقام و مرتبہ اور اختیار کی شاخیں پھلوں سے لدی ہوں لیکن ان کا جھکاؤ زمین کی طرف ہو، انسانی شرف سے رشتہ استوار رہے۔

درختوں کی زندگی بھی ہمیشہ آسان نہیں ہوتی۔



کبھی تیز ہوائیں ان کی شاخیں توڑ دیتی ہیں، کبھی خشک سالی ان کے لیے پانی کی کمی پیدا کرتی ہے اور کبھی موسم کی سختی ان کی نشوونما کو متاثر کرتی ہے۔ تیز دھوپ مسلسل ان کی شاخوں پر پڑتی رہتی ہے لیکن ان ناموافق حالات میں بھی وہ زندہ رہنے کی تگ ودو میں لگے رہتے ہیں۔ اس کوشش میں بعض کی شاخیں جھک جاتی ہیں، بعض اپنے پتوں سے محروم ہو جاتے ہیں لیکن مناسب حالات آنے پر دوبارہ نئی کونپلیں نکل آتی ہیں۔ یہی وہ ثابت قدمی ہے جو ہمیں حالات سے نبرد آزما ہونے کا حوصلہ اور عزم سکھاتی ہے کہ موسم منظر اور حالات ہمیشہ ایک سے نہیں رہتے۔ ہماری زندگی میں آزمائشیں ہمیں مایوس کر دیتی ہیں، بے حوصلہ کر کے رکھ دیتی ہیں اور شاید ہماری ثابت قدمی کو متزلزل کر دینے کا سبب بنتی ہیں لیکن اپنے مقام پر کھڑے رہنا اور اچھے وقت کا انتظار کرنا ہمیں درخت ہی سکھاتے ہیں اور پھر وقت ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا۔ بہار ہمیشہ نہیں رہتی تو خزاں کا موسم بھی مستقل نہیں ہوتا۔ ہر انسان پر ایسے وقت آتے ہیں جب منصوبے ناکام ہو جاتے ہیں، تعلقات میں دراڑیں پڑ جاتی ہیں، روزگار متاثر ہوتا ہے یا صحت ساتھ چھوڑنے لگتی ہے۔ ان حالات میں بھی صبر، کبھی حکمت، کبھی نئی کوشش اور کبھی اپنی غلطیوں کو تسلیم کر کے آگے بڑھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

درخت خاموش ہیں، مگر ان کی خدمت بولتی ہے، ان کا وجود ہی ان کی خدمت کا اظہار ہے۔ انسان خیر کا عمل کر کے بولنے لگتا ہے دکھانے کی خواہش اس کے دل میں اُمڈنے لگتی ہے، احسان جتانے کا جذبہ اس میں سرائیت کرنے لگتا ہے لیکن یہ سب کچھ درختوں کی خاموشی سے سیکھا جاسکتا ہے کہ خیر کے عمل میں لگے رہو، مفید بنے رہنے کی ثابت قدمی پر کھڑے رہو مگر نمائش اور ذکر کرنے سے گریز کرو۔

درخت پیغام دیتے ہیں کہ بنیاد سے رشتہ مضبوط رکھو ورنہ نظر تو آتے رہو گے لیکن اندر سے کھوکھلے ہوتے جاؤ گے بالکل اسی طرح کہ جب جڑوں سے رشتہ ٹوٹتا ہے تو تنے کی قوت آہستہ آہستہ ختم ہونے لگتی ہے۔ استقامت ہی کامیابی کا دروازہ ہے۔ وجود کے تنے پر نعمتوں کی لگی شاخیں جتنی پھل دار ہوں اتنا ہی ان کا رخ مخلوق کی آسانی کے لیے ان کی طرف جھکتا چلا جائے کیونکہ یہی زندگی کا حسن ہے کہ دوسروں کے لیے مفید بنا جائے۔ علامہ اقبالؒ یاد آرہے ہیں "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ"

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
SHEHAR NAMA

فن وثقافت



سمانتھا کے ہاں بیٹے کی پیدائش، سوشل میڈیا پر نام اور تصویر شیئر کردی



ممبئی (پی این پی) بھارتی اداکارہ سمانتھا روتھ پربھو اور فلم ساز و ہدایت کار راج نڈی مورو کے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق اداکارہ نے بذریعہ سوشل میڈیا اپنے مداحوں کو اپنی پہلی اولاد کی خوشخبری دیتے ہوئے بیٹے کا نام اور تصویر بھی شیئر کر دی۔ بھارتی فلمی دنیا سے وابستہ جوڑے نے اپنے نومولود بیٹے کا نام 'دیوٗ' رکھا ہے۔ سمانتھا نے انسٹاپوسٹ میں لکھا کہ ہمارا خوبصورت بیٹا، دیونڈی مورو، 19 نومبر 2026ء یہ ہماری زندگی کا اب تک کا سب سے زیادہ خوشی کا لمحہ ہے، سمانتھا اور راج۔ سمانتھا اور فلم ساز راج نڈی مورو کے درمیان پیشہ ورانہ تعلقات کا آغاز 2021ء میں ہوا، جب دونوں نے ویب سیریز دی فیملی مین 2 میں ایک ساتھ کام کیا، بعدازاں دونوں نے ویب سیریز سٹڈیل: ہنی بنی میں بھی ایک ساتھ کام کیا۔ دونوں کے درمیان قریبی تعلقات کی قیاس آرائیاں اس وقت زور پکڑنے لگیں جب انہیں مختلف عوامی تقریبات میں ایک ساتھ دیکھا گیا اور وہ اکثر سوشل میڈیا پر ایک دوسرے کی پوسٹس میں بھی نظر آنے لگے۔ اس جوڑے نے یکم دسمبر 2025ء کو کوئمبٹور کے ایشا یوگا سینٹر میں شادی کی تھی۔

روسی وزارت خارجہ کی پریس کانفرنس، دنانیر مبین کا خصوصی ذکر



ماسکو: (پی این پی) روسی وزارت خارجہ کی ترجمان ماریہ زخاروووا نے اپنی ہفتہ وار پریس بریفنگ میں پاکستانی اداکارہ دنانیر مبین کی بین الاقوامی کامیابی کا خصوصی ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ماسکو میں منعقدہ اوپن یوریشین فلم ایوارڈز "ڈائمنڈ بٹر فلائی" میں پاکستان کی دنانیر مبین کو بہترین اداکارہ کا اعزاز دیا گیا۔ ماریہ زخاروووا نے بریفنگ کے دوران ثقافتی اور انسانی تعاون کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ روس نہ صرف اپنی ثقافت کو دنیا بھر میں متعارف کروانے پر توجہ دیتا ہے بلکہ دوسرے ممالک کی ثقافت اور فنون کو سمجھنے اور ان کی قدر کرنے کو بھی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس کی اسی ثقافتی کشادگی کی ایک نمایاں مثال 12 نومبر کو ماسکو میں منعقد ہونے والی اوپن یوریشین فلم ایوارڈز "ڈائمنڈ بٹر فلائی" کی تقریب تھی، جس میں 17 ممالک کی 34 فلمیں مقابلے کے لیے منتخب کی گئی تھیں۔

اب انڈسٹری کے حالات بدل چکے ہیں، غزالہ جاوید

لاہور (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ معروف سینئر اداکارہ غزالہ جاوید نے اسکرین سے دوری کی وجہ بتا دی۔ حال میں سینئر اداکارہ نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے میڈیا انڈسٹری کے تاریک پہلوؤں پر کھل کر گفتگو کی۔ اس حوالے سے بات کرتے ہوئے غزالہ جاوید نے کہا کہ اب انڈسٹری کے حالات بدل چکے ہیں، اس انڈسٹری کو تقریباً خیر باد کہنے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ نوجوان فنکاروں میں غرور اور تکبر بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب میں صرف اسی صورت میں کام کرتی ہوں جب پروڈکشن ہاؤسز اچھے ہوں یا ٹی وی چینلز تعاون کرنے والے ہوں، ورنہ عزت و احترام کا تو جیسے مکمل طور پر خاتمہ ہو چکا ہے، نئے فنکار اپنے سینئرز کا احترام نہیں کرتے۔

سوشل میڈیا پر ہونیوالی تنقید اب بھی مجھے متاثر کرتی ہے، ہیلی بیبر



نیویارک (پی این پی) معروف امریکی ماڈل ہیلی بیبر نے انکشاف کیا ہے کہ گلوکارہ سیلینا گومز سے تنازع کے باعث سوشل میڈیا پر مسلسل نفرت انگیز مہم اور دھمکیوں نے مجھے اس حد تک ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا تھا کہ میں اپنی زندگی ختم کرنے کے بارے میں سوچنے لگی تھی۔ ہیلی بیبر نے نیویارک ٹائمز کے زیرِ اہتمام ایک تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سوشل میڈیا پر اجنبی صارفین مجھے روزانہ خودکشی کرنے کے پیغامات بھیجتے تھے، مجھے عوامی مقامات پر بھی برا بھلا کہا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ نفرت کی شدت نے مجھے یہ سوچنے پر مجبور کر دیا تھا کہ













































































قومی ادارہ صحت جانے والی سڑک بدحالی کا شکار، شہری حادثات سے پریشان

سی ڈی اے کی عدم توجہی سے این آئی ایچ روڈ کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگی

سکول جانیوالے بچے بھی حادثات کا شکار، اہل علاقہ کا سڑک کی فوری تعمیر ومرمت کا مطالبہ



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں ایک جانب وزیر داخلہ سید محسن نقوی کی خصوصی دلچسپی اور وژن کے تحت اہم شاہراہوں اور انڈر پاسز کی تعمیر وتکمیل کے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جبکہ دوسری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جماعت اسلامی انتظامی صوبوں کی تعداد بڑھانے کے حق میں ہے، طارق سلیم

انتظامی صوبوں کا قیام عوام کو بہتر انتظامی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہونا چاہیے



اسلام آباد (پ ر) امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک میں انتظامی صوبوں کی تعداد بڑھانے کے حق میں ہے، تاہم اس مقصد کے لیے آئین میں دیے گئے طریقہ کار اور مناسب فریم ورک کو اختیار کرنا ضروری ہے، بلاول زرداری کا صوبوں کے قایم کے معاملے پر خون خرابے کی دھمکیاں دینا پیپلز پارٹی کی سابقہ روش دھرنے کے مترادف ہے، ملک میں انتظامی صوبوں کا قیام عوام کو بہتر انتظامی سہولیات کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

کہوٹہ انتظامیہ کی عدم توجہی، شہر کا واحد پبلک پارک خستہ حالی کا شکار

کمزور جھولے کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) تحصیل کہوٹہ کے علاقے کلب لائن میں واقع شہر کا واحد پبلک پارک متعلقہ انتظامیہ کی عدم توجہی اور مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث شدید خستہ حالی کا شکار ہو چکا ہے۔ بنیادی سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان عالمی جوہری سلامتی و تعاون کے اجلاس کی میزبانی کرے گا، میٹنگ کا کل آغاز

نیٹ ورک فار نیوکلیئر سیکیورٹی ٹریننگ اینڈ سپورٹ سینٹرز اجلاس میں IAEA، 49 ممالک کے مندوبین شرکت کرینگے

اجلاس میں جوہری سلامتی کی تربیت ومعاونت مضبوط، بین الاقوامی تعاون، تجربات کے تبادلے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں): پاکستان 23 سے 26 نومبر تک اسلام آباد میں انٹرنیشنل نیٹ ورک فار نیوکلیئر سیکیورٹی ٹریننگ اینڈ سپورٹ سینٹرز کے 15ویں سالانہ اجلاس کی میزبانی کرے گا، جس میں عالمی جوہری توانائی ایجنسی (IAEA) اور 49 رکن ممالک کے نمائندے شرکت کریں گے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے اتوار کو جاری کردہ بیان کے مطابق، عالمی جوہری توانائی ایجنسی کے تعاون سے منعقد ہونے والے اس چار روزہ اجلاس میں جوہری سلامتی کی تربیت ومعاونت کو مضبوط بنانے، بین الاقوامی تعاون کے فروغ اور اس شعبے میں تجربات کے تبادلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مریم نواز شریف کا راولپنڈی میں فقید المثال استقبال کیا جائیگا، ساجد عباسی

کارکنان اور عوام بھرپور جوش وجذبے کیساتھ اپنی محبوب قیادت کا خیر مقدم کریں گے



راولپنڈی (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر اور امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل پھپھریل راجہ ساجد محمود عباسی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے دورہ راولپنڈی کے موقع پر ان کا فقید المثال اور تاریخی استقبال کیا جائے گا۔ مسلم لیگ (ن) کے کارکنان اور عوام بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ اپنی محبوب قیادت کا خیر مقدم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مریم نواز کو راولپنڈی آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں، اپیسما

شہری میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات وقت کی ضرورت، عہدیدار



راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن (APPSMA) کے عہدیداران صدر شمالی پنجاب ابرار احمد خان، ڈویژنل صدر ابرار احمد ایڈووکیٹ، سیکرٹری جنرل شمالی پنجاب ملک اعجاز حسیال صدر خواتین ونگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا فیلڈ میں متحرک

اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا اتوار کے روز فیلڈ میں متحرک۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے مختلف گرجا گھروں کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے سکیورٹی کے فرائض پر موجود پولیس افسران وجوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

فیصل آباد، تحصیل سٹی کو ’’اسلپور‘‘ اور صدر کو ’’ساندل‘‘ بنانے کی سفارش

فیصل آباد (صباح نیوز) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے فیصل آباد کی تحصیل سٹی اور صدر کے تاریخی نام کی بحالی کے لئے مراسلہ جاری کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ کلکٹر کے نام مراسلہ میں تحصیل سٹی کا نام تحصیل لائلپور اور تحصیل صدر کا نام تحصیل ساندل رکھنے کے لئے ایجنڈا ضلعی رابطہ کمیٹی میں پیش کرنے اور عوامی رائے کے بعد سمری مجاز اتھارٹی کو ارسال کرنے کا کہا گیا ہے۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ تحصیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

قاضی علی رضا کا سرکل ایس ڈی پی اوز کے ساتھ اہم اجلاس

تمام افسران کو جرائم کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات مزید موثر بنانے کے احکامات



اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا سرکل ایس ڈی پی اوز کے ساتھ اہم اجلاس۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام افسران کو جرائم کی روک تھام اور سیکیورٹی انتظامات مزید موثر بنانے کے احکامات جاری کئے۔ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنا یقینی بنایا جائے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اہلحدیث کانفرنس کا کامیاب انعقاد، کارکنان کے اعزاز میں اظہار تشکر اجلاس

جہلم میں جماعتی نیٹ ورک کو مزید مضبوط بنائیں گے، حافظ عبدالحمید عامر

جہلم (نمائندہ خصوصی): مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے نائب امیر اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم حافظ عبدالحمید عامر کی خصوصی دعوت پر گزشتہ روز 20 نومبر کو بعد از نماز مغرب جامعہ علوم اثریہ میں اظہار تشکر اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع جہلم بھر سے جماعتی ذمہ داران، علمائے کرام، کارکنان اور احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد 15 نومبر کو لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان کانفرنس بسلسلہ ’’تحفظ حرمین شریفین و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس کی کامیابی پر پروگرام سے حافظ عبدالحمید عامر خطاب کر رہے ہیں



لاہور، شہریوں کی بڑی تعداد چھٹی کے روز لنڈے بازار سے سردی کی شدت کو کم کرنے کیلئے گرم کپڑے خرید رہی ہے

شکریال، پنڈوریاں و گردونواح کے رہائشی علاقے میں تجارتی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئیں

رہائشی مکانات کے اندر چھتوں پر دن رات جاری تجارتی سرگرمیوں اور مشینری کے کان پھاڑ دینے والے شور نے شہریوں کا جینا محال کر دیا

نیند اور سکون برباد ہونے کے باعث بزرگ، مریض اور طلبہ شدید ذہنی اذیت کا شکار، ایس ڈی اے اور ضلعی انتظامیہ کی خاموشی پر شدید تشویش کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی دارالحکومت کے رہائشی علاقوں شکریال۔ برما ٹاؤن، غوری ٹاؤن اور پنڈوڑیاں کے بشتر رہائشی علاقے تجارتی سرگرمیوں کے گڑھ بن گئے رہائشیوں کا سکون تباہ رات دن چلنے والی مشینیں اور شور شرابا سے عوام۔ عاجز آ گئے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا۔ مطالبہ رہائشی گھروں اور چھتوں کو غیر قانونی طور پر کمرشل مراکز میں تبدیل کر دیا گیا ہے علاقہ مکینوں کے مطابق رہائشی مکانات کے اندر اور چھتوں پر دن رات جاری تجارتی سرگرمیوں اور مشینری کے کان پھاڑ دینے والے شور نے شہریوں کا جینا محال کر دیا ہے۔ نیند اور سکون برباد ہونے کے باعث بزرگ، مریض اور طلبہ شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں جبکہ رہائشی علاقے میں کمرشل سرگرمیوں سے سیکیورٹی اور پرائیویسی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

بچوں کے تحفظ سے متعلق قومی پارلیمانی سیمینار آج ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) بچوں کے تحفظ سے متعلق قومی پارلیمانی سیمینار آج منعقد ہو رہا ہے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق بچوں کے تحفظ سے متعلق قومی پارلیمانی سیمینار میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

آئی جی اسلام آباد کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کا دورہ

زیر تعمیر بیرکس کا معائنہ، کام مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنانے کے احکامات

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کا دورہ۔ آئی جی اسلام آباد نے زیر تعمیر بیرکس کا معائنہ کیا، تعمیراتی معیار اور مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں زیر تعمیر رہائشی بیرکس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



آئی جی اسلام آباد محمد سہیل چوہدری سے ڈاکٹر ناصر رضوی گفتگو کر رہے ہیں

گوجر خان پولیس کی کارروائیاں

2 مبینہ منشیات فروش گرفتار

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجر خان کے تھانہ گوجر خان اور تھانہ مندرہ کی حدود میں پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، خاتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

لاہور کی فضا انتہائی مضرِ صحت قرار

شہریوں کو شدید طبی خطرات لاحق

لاہور (صباح نیوز): فضائی آلودگی کی تازہ ترین صورتحال کے مطابق لاہور اتوار کی صبح ایک بار پھر دنیا کے آلودہ ترین بڑے شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا ہے، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس (AQI) کی شرح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

تھانہ بہارہ کہو: تین منشیات فروش مال سمیت گرفتار

چوتھے ملزم محمد طلال سے ایک عدد 30 بور پسٹل برآمد، مقدمات درج

بہارہ کہو (نمائندہ شہرنامہ) تھانہ بہارہ کہو نے منشیات فروشوں اور بلا لائیسنس اسلحہ کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو حراست میں لے لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



راولپنڈی، وفاقی وزیر حنیف عباسی، راجہ بنٹی، چوہدری نعیم و دیگر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

خواتین کی استعداد کار میں اضافہ حکومت پاکستان کی پالیسی کا حصہ ہے، اعظم نذیر تارڑ

استنبول میں ساتویں عالمی ویمن سمٹ، پاکستانی وفد کی شرکت، پاک ترکیہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے

خواتین کی سیاسی، معاشی، سماجی اور پیشہ ورانہ شعبوں میں بھرپور شمولیت پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، خطاب

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف و انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ کی قیادت میں پاکستانی وفد نے ترکیہ کے شہر استنبول میں منعقدہ ساتویں عالمی ویمن سمٹ میں شرکت کی، جہاں خواتین اور بچیوں کے حقوق کے تحفظ، انہیں بااختیار بنانے، مساوی مواقع کی فراہمی اور پاک ترکیہ تعاون کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ساتویں عالمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

طالبان لیڈر کی جنگجوؤں کو بغیر اجازت نقل وحرکت سے روکنے کی ہدایت

کابل (نیوز ایجنسیاں) افغان طالبان کے سپریم لیڈر ملا ہبت اللہ اخوندزادہ نے طالبان حکام اور جنگجوؤں کو اپنی اجازت کے بغیر ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانے سے روک دیا ہے اور ہدایت کی ہے کہ حکم کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور میں جشن محمود گیلانی و محفل مشاعرہ کا انعقاد

مقصود چغتائی نے عالمی ادبی تنظیم، بزم سرخیل ادب، کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی



لاہور (رپورٹ سحر نسیم سحر) زیر اہتمام بزم سرخیل ادب انٹرنیشنل و لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن لاہور کے زیر اہتمام کانفرنس ہال میں، جشن محمود گیلانی و محفل مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں شعرا کرام و شاعرات و اہل قلم نے شرکت کی اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

صوبے یا انتظامی یونٹ ہی مہاجروں کی بقاء کا واحد راستہ ہے، سلیم حیدر

مہاجروں کو دھمکی دینے والے ایک دن بعد ہی جھاگ کی طرح بیٹھ گئے ہیں

پیپلز پارٹی قوم پرست علیحدگی پسند جماعت جو وفاقی جماعت کے نام پر بیوقوف بناتی ہے

کراچی (نمائندہ شہرنامہ) مہاجر اتحاد تحریک کے چیئرمین ڈاکٹر سلیم حیدر نے کہا ہے کہ سندھ کے مہاجروں کی بقاء کا راستہ صرف اور صرف انتظامی یونٹ یا مزید صوبوں کے قیام میں ہے۔ کیونکہ موجودہ نظام صرف اور صرف چند خاندانوں کے ہاتھوں یرغمالی ہے، سندھ کے شہری علاقوں میں 18 سال سے پیپلز پارٹی وسائل کی لوٹ مار کر کے مہاجر قوم کے بنیادی حقوق اور وسائل سے محروم کئے ہوئے ہے۔ وہ کورنگی، لانڈھی، نیو کراچی اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے مہاجر کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر سلیم حیدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی جو کہ ایک نسل پرست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



اسلام آباد میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم اسلام آباد کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو اور محمد اسحاق میو کی لوک ورثہ میوزیم ڈائریکٹر انوار الحق سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم کے وفد کا ڈائریکٹر لوک ورثہ میوزیم سے ملاقات

انوار الحق نے میو دستکاروں اور فنکاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم اسلام آباد کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو اور جنرل سیکرٹری محمد اسحاق میو نے آج لوک ورثہ میوزیم کے ڈائریکٹر انوار الحق سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر لوک میلہ میں میو خواتین کے لیے دستکاری کے سٹال اور میو فنکاروں کی نمائندگی کے معاملات زیر بحث آئے۔ ڈائریکٹر انوار الحق نے میو دستکاروں اور فنکاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس کے بعد لوک ورثہ میوزیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

گوجر خان، بینک ملازم سے ساڑھے 6 لاکھ نقدی چھین لیے گئے

تینوں ملزمان بیگ چھین کر موٹر سائیکل پر فرار ہوگئے، مقدمہ درج

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان میں موٹر سائیکل سوار تین مسلح ڈاکو نجی مائیکرو فنانس بینک کے ملازم سے اسلحہ کی نوک پر ساڑھے چھ لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے، مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ بھی کی تاہم گولی ملازم کے بازو کی قمیض کو چھوتی ہوئی گزر گئی اور وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کہوٹہ میں فارمیسی میں کروڑوں کی بڑی چوری، ملزمان کروڑوں لیکر فرار

پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، اہم شواہد اکٹھا کرنے کا عمل شروع

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) صداقت فارمیسی اینڈ کاسمیٹکس میں صبح سویرے چوری کی بڑی واردات پیش آئی، جہاں نامعلوم ملزمان مبینہ طور پر ایک کروڑ روپے سے زائد کی خطیر رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ واردات کی اطلاع سامنے آنے پر شہر بھر کے تاجروں اور شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

گوجر خان مبینہ قبضہ خانے پر پولیس کا دھاوا، دو خواتین اور مرد گرفتار

مکروہ دھندوں کے خاتمے کے لیے پولیس کارروائیاں جاری رہیں گی، حکام

گوجر خان (بیورو رپورٹ) سی پی او راولپنڈی ڈاکٹر غیاث گل کے چارج سنبھالتے ہی ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور مبینہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف پولیس متحرک، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

تھانہ شاہ پور پولیس چوکی میں کم نفری، مسائل بڑھنے لگے

علاقہ میں قائم پولیس چوکی کو فوری طور پر تھانے کا درجہ دیا جائے، عوام کا مطالبہ

پشاور (سٹی رپورٹر) تھانہ شاہ پور کے علاقہ پختہ غلام کی پولیس چوکی میں کم نفری کی وجہ سے گزشتہ کئی ماہ سے گونا گوں مسائل کا شکار ہے کیونکہ انتہائی کم نفری کیساتھ پولیس سارا دن گشت بھی کرتی ہے مگر اتنی بڑی آبادی والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

کہوٹہ میں کروڑوں کی بڑی چوری، ملزمان کروڑوں لیکر فرار

پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، اہم شواہد اکٹھا کرنے کا عمل شروع

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) صداقت فارمیسی اینڈ کاسمیٹکس میں صبح سویرے چوری کی بڑی واردات پیش آئی، جہاں نامعلوم ملزمان مبینہ طور پر ایک کروڑ روپے سے زائد کی خطیر رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ واردات کی اطلاع سامنے آنے پر شہر بھر کے تاجروں اور شہریوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے انتخابات

مرزا خورشید اختر گروپ کا راجہ سہیل کیانی ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان

گوجر خان (بیورو رپورٹ) مرزا خورشید اختر گروپ کا ایک اہم اجلاس سینئر قانون دان مرزا امتیاز الرحمن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں باہمی مشاورت اور متفقہ فیصلے کے تحت گوجر خان بار ایسوسی ایشن کے سالانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سینئر صحافی رمضان مغل کیوبن سفارتخانہ کے اعزازی مشیر مقرر

پاکستان اور کیوبا کے تعلقات کے فروغ کیلئے نئی ذمہ داری سنبھالنے پر ہرکتبہ فکر کی مبارکباد



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) سینئر صحافی، ڈپلومیٹک فوٹو جرنلزم کا بڑا نام رمضان مغل کو کیوبا کے سفارت خانہ میں عوامی روابط رابطہ کاری اور پاکستان و کیوبا کے درمیان تعلیمی سائنسی ثقافتی معاشی اور تجارتی تعلقات کے فروغ کے لیے اعزازی مشیر مقرر کیا گیا ہے ان کی ذمہ داریوں میں دونوں ممالک کے درمیان عوامی وثقافتی روابط کو مضبوط بنانا تعلیمی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

گوجر خان مذبح خانہ میں صفائی کے ناقص انتظامات، اے سی کا سرپرائز وزٹ

مذبح خانہ کے مجموعی ماحول، صفائی کے انتظامات اور جانوروں کے ذبح کیلئے مختص جگہوں کا جائزہ

ٹھیکیدار کو شوکاز نوٹس جاری، صفائی کا معیار فوری بہتر بنانے کا حکم

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان ڈاکٹر سیدہ زینب حسین نے مذبح خانہ (سلاٹر ہاؤس) کا اچانک دورہ کر کے صفائی ستھرائی، حفظانِ صحت اور گوشت کی تیاری کے لیے مختص جگہوں پر انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا، جہاں صفائی کے ناقص اور غیر تسلی بخش انتظامات سامنے آنے پر متعلقہ ٹھیکیدار کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے فوری طور پر صفائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

سیدہ زینب حسین سے صدر پوٹھوہار پریس کلب کے وفد کی ملاقات

عوامی مسائل اجاگر کرنے اور مثبت صحافت کے فروغ پر تبادلہ خیال

ٹی ایچ کیو ہسپتال اور اراضی ریکارڈ سینٹر میں الگ کاؤنٹر قائم کرنے کی تجویز



گوجر خان (بیورو رپورٹ) صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال کی قیادت میں پریس کلب کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب حسین سے ملاقات کی۔ وفد میں نائب صدر رفعت مرزا اور ایگزیکٹو ممبر چوہدری محمود بھی شامل تھے۔ ملاقات کے دوران تحصیل گوجر خان میں عوامی فلاح و بہبود، انتظامی امور اور صحافتی برادری کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال نے اسسٹنٹ کمشنر سیدہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

صوبے یا انتظامی یونٹ ہی مہاجروں کی بقاء کا واحد راستہ ہے، سلیم حیدر

مہاجروں کو دھمکی دینے والے ایک دن بعد ہی جھاگ کی طرح بیٹھ گئے ہیں

پیپلز پارٹی قوم پرست علیحدگی پسند جماعت جو وفاقی جماعت کے نام پر بیوقوف بناتی ہے

کراچی (نمائندہ شہرنامہ) مہاجر اتحاد تحریک کے چیئرمین ڈاکٹر سلیم حیدر نے کہا ہے کہ سندھ کے مہاجروں کی بقاء کا راستہ صرف اور صرف انتظامی یونٹ یا مزید صوبوں کے قیام میں ہے۔ کیونکہ موجودہ نظام صرف اور صرف چند خاندانوں کے ہاتھوں یرغمالی ہے، سندھ کے شہری علاقوں میں 18 سال سے پیپلز پارٹی وسائل کی لوٹ مار کر کے مہاجر قوم کے بنیادی حقوق اور وسائل سے محروم کئے ہوئے ہے۔ وہ کورنگی، لانڈھی، نیو کراچی اور دیگر علاقوں سے آئے ہوئے مہاجر کارکنوں سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر سلیم حیدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی جو کہ ایک نسل پرست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم اسلام آباد کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو اور محمد اسحاق میو کی لوک ورثہ میوزیم ڈائریکٹر انوار الحق سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم کے وفد کا ڈائریکٹر لوک ورثہ میوزیم سے ملاقات

انوار الحق نے میو دستکاروں اور فنکاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) میواتی ہیریٹیج وکلچرل فورم اسلام آباد کے چیئرمین راؤ غلام محمد میو اور جنرل سیکرٹری محمد اسحاق میو نے آج لوک ورثہ میوزیم کے ڈائریکٹر انوار الحق سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر لوک میلہ میں میو خواتین کے لیے دستکاری کے سٹال اور میو فنکاروں کی نمائندگی کے معاملات زیر بحث آئے۔ ڈائریکٹر انوار الحق نے میو دستکاروں اور فنکاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ اس کے بعد لوک ورثہ میوزیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

گوجر خان، بینک ملازم سے ساڑھے 6 لاکھ نقدی چھین لیے گئے

تینوں ملزمان بیگ چھین کر موٹر سائیکل پر فرار ہوگئے، مقدمہ درج

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان میں موٹر سائیکل سوار تین مسلح ڈاکو نجی مائیکرو فنانس بینک کے ملازم سے اسلحہ کی نوک پر ساڑھے چھ لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے، مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ بھی کی تاہم گولی ملازم کے بازو کی قمیض کو چھوتی ہوئی گزر گئی اور وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کرنسی کی جنگ میں پاکستان پیچھے کیوں؟

چین کا یوان مضبوط، بھارتی روپیہ مستحکم، پاکستانی روپیہ مسلسل دباؤ میں کیوں؟

معاشی خودمختاری کب؟ ملک اب تک قرضوں کے چنگل میں کیوں؟

چین نے صنعتی انقلاب سے دنیا فتح کر لی، پاکستان قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہے؟

کرنسی کی طاقت کا راز نوٹوں کی تعداد نہیں، قومی پیداوار، صنعتی ترقی ہے۔

بھارت نے آئی ٹی اور چین نے صنعت وٹیکنالوجی سے عالمی معاشی مقام حاصل کیا

وقتی معاشی استحکام کافی نہیں، دس سے پندرہ سالہ قومی معاشی چارٹر ناگزیر ہے



تحریر: عباس مہد

کرنسی کی شرح تبادلہ محض کاغذ یا دھات کے کسی ٹکڑے کی قیمت نہیں ہوتی؛ وہ کسی قوم کی پیداواری صلاحیت، اداروں کی ساکھ، حکمرانی کے وقار اور نیشنل انٹرسٹ کے تحفظ کا سب سے بے رحم آئینہ ہوتی ہے۔ جب ہم عالمی منڈی کے ترازو میں ایک طرف پاکستانی روپے کو رکھتے ہیں جو ڈالر کے مقابلے میں لگ بھگ 276 روپے کے آس پاس سانس لیتا دکھائی دیتا ہے اور دوسری طرف بھارتی روپے کو دیکھتے ہیں جو تقریباً 7.92 روپے فی ڈالر کے دائرے میں ہے، یا چینی یوان کو پرکھتے ہیں جو تقریباً 68.6 کے لگ بھگ کھڑا عالمی طاقت کی بساط بچھا رہا ہے، تو یہ موازنہ محض اعداد وشمار کی بحث نہیں رہتا؛ یہ اس تاریخی اور ڈھانچہ جاتی المیے کی پوسٹ مارٹم رپورٹ بن جاتا ہے جس نے ایک ہی خطے سے نکلنے والی اقوام کو آسمان اور زمین کی دوری پر لا کھڑا کیا۔ 1947ء میں جب برصغیر کی تقسیم کے ساتھ پاکستان اور بھارت وجود میں آئے، تو آغاز میں دونوں کی معاشی بنیادوں اور کرنسی کی قدر میں وہ خلیج نہیں تھی جو آج نظر آتی ہے۔ مگر وقت کے پہیے نے یہ ثابت کر دیا کہ کرنسی کی طاقت زبانی جمع خرچ، وقتی قرضوں یا مصنوعی سہاروں سے نہیں، بلکہ برآمدات، صنعتی انقلاب، ٹیکنالوجی، ٹیکس اصلاحات اور پالیسی کے تسلسل سے بنتی ہے۔ بھارت نے اگرچہ اپنی کرنسی کو بھی وقت کے ساتھ دباؤ اور گراوٹ سے بچا نہیں پایا، لیکن اس نے بڑے داخلی بازار، آئی ٹی سروسز، مینوفیکچرنگ اور اسٹریٹجک خودمختاری کے ذریعے اپنے معاشی وزن کو اس سطح پر پہنچا دیا جہاں عالمی سرمایہ کار اسے ایک بڑی منڈی اور سپلائی چین کے متبادل کے طور پر دیکھتے ہیں۔ اس کے برعکس پاکستان میں بار بار معاشی پالیسیوں کے الٹ پھیر، درآمدی انحصار، برآمدی ڈھانچے کے جمود اور قرضوں کے بھنور نے روپے کو مسلسل کمزور اور دباؤ کا شکار رکھا۔ چین کی کہانی اس سے بھی زیادہ سبق آموز اور چشم کشا ہے۔ جدید عوامی جمہوریہ چین 1949ء میں قائم ہوا یعنی پاکستان کے بعد اور دہائیوں تک معاشی محرومیوں، غربت اور عالمی بندشوں سے گزرا، مگر ڈینگ شیاؤ پنگ کے اصلاحاتی دور سے لے کر آج تک چین نے جو راستہ چنا، وہ صبر، صنعتی نظم وضبط، انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی، تحقیق اور اپنے قومی مفاد کے غیر متزلزل تحفظ کا راستہ تھا۔ آج یوان تقریباً 68.6 فی ڈالر کے آس پاس کھڑا ہے، مگر اس کی اصل طاقت اس کی فیکٹریوں، برآمدی غلبے، عالمی سپلائی چین پر گرفت اور تجارت میں بڑھتے ہوئے کردار میں پوشیدہ ہے۔ چین نے ثابت کیا کہ کو